بھی ہے اور مفید بھی۔ مگر افسوس ہے کہ حوالے بہت کم ہیں اور جو ہیں بھی وہ اکثر جگہ ناتمام اور ناکمل ہیں۔

انٹروڈکشن ٹو اسلام (انگریزی) از: جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ تقطیع کلاں ضخامت ۲۲۵ صفحات، ٹائپ جلی اور روشن۔ قیمت صر۔ پتہ:۔ حبیب اینڈ کمپنی۔ اسٹیشن روڈ۔ حیدرآباد دکن۔

یہ کتاب کا دوسرا اڈیشن ہے پہلے اڈیشن پر تبصرہ ہو چکا ہے۔ جو اس قدر مقبول ہوا کہ چند مہینوں میں ہی ختم ہو گیا اور دوسرے اڈیشن کی ضرورت محسوس ہوئی۔ اس اڈیشن میں وہ تمام ابواب ہیں جو پہلے تھے یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر سیرت۔ اسلامی تعلیمات کی حفاظت۔ اسلام کا تصور حیات۔ عقیدہ۔ عبادات۔ نظام روحانی۔ اخلاقی اور معاشرتی و اقتصادی نظام۔ اسلام میں عورتوں کا اور غیر مسلموں کا مرتبہ۔ علوم و فنون میں مسلمانوں کا حصہ۔ اسلام کی تاریخ پر ایک سرسری نظر۔ ایک مسلمان کی روز مرہ کی زندگی۔ ان مباحث کے علاوہ ضمیمے۔ نقشے۔ فہرست۔ اعلام۔ نماز ادا کرنے کے فوٹو وغیرہ بھی ہیں۔ ان کے علاوہ مزید خوبی یہ ہے کہ پہلے اڈیشن میں جو بعض خامیاں رہ گئی تھیں اور جن کی نشاندہی بعض تبصرہ نگاروں یا دوستوں نے خطوط کے ذریعہ کی تھی ان کی بھی اصلاح کر دی گئی ہے۔ اس لئے "نقاش نقش ثانی بہتر کشد ز اول" کا مصداق ہے۔ امید ہے کہ پہلے کی طرح یہ اڈیشن بھی مقبول اور کامیاب ہوگا۔ فاضل مصنف دیار غیر میں بیٹھے ہوئے اسلام کی جو ٹھوس خدمات انجام دے رہے ہیں اس پر وہ مسلمانوں کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

فجزاہ اللہ جزاءً خیراً۔

ندوۃ المصنفین دہلی کی جدید کتاب

حضرت عمر فاروقؓ کے سرکاری خطوط

قیمت مجلد بارہ روپے۔ غیر مجلد گیارہ روپے